衞生署
Department of Health

سروائیکل اسکریننگ پروگرام

子宮頸普查
CERVICAL SCREENING

سروائیکل کینسر کی کیا وجوہات ہیں؟

تقریباً تمام سروائیکل کینسر مسلسل رہنے والے انفیکشن جس کے ساتھ کینسر کی وجوہات یا شدید خطرے والے ہیومن پیپلوما وائرس (HPV) کی اقسام میں سے ایك ہوں کی وجہ سے ہوتے ہیں ۔ HPV انفیکشن کسی بھی انسان میں عام ہے جو کبھی بھی جنسی طور پر متحرك رہا ہو ۔ زیادہ تر لوگوں میں HPV انفیکشن کی کوئی علامات نہیں ہوتیں اور اپنے آپ ہی ختم ہو جاتے ہیں ۔ رحم میں مسلسل شدید خطرے والا HPV انفیکشن ہو نے والی کچھ خواتین میں کینسر سے پہلے کی خلوی تبدیلیاں ظاہر ہوں گی ۔ جبکہ ان تبدیلیوں میں سے اکثریت واپس معمول کے مطابق ہو جائیں گی ، اور کچھ سالوں بعد کینسر کی طرف بڑھ سکتی ہیں ۔

HPV انفیکشن سے سروائیکل کینسر میں بڑھنے کیلیے خطرناك عوامل میں شامل ہیں :

- ایك سے زیادہ جنسی ساتھیوں کا ہونا ، ابتدائی عمر میں جماع، یا جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کی موجودگی
- تمباکو نوشی
- قوت مدافعت کی کمزوری جیسا کہ انسانی قوت مدافعتی وائرس (HIV) سے انفیکشن
- حمل روکنے کی گولیاں 5 سال سے زیادہ لمبے عرصے تك استعمال کرنا
- مولدیت میں اضافہ (پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد) اور پہلی بار حمل کے وقت چھوٹی عمر ہونا

سب سے اہم خطرناك عنصر باقاعدگی سے سروائیکل اسکریننگ سے غیر حاضرہونا ہے ۔

میں کس طرح سروائیکل کینسر کی روک تھام کر سکتی ہوں؟

کینسر ہونے سے پہلے سروائیکل کینسر اسکریننگ رحم میں موجود سابق کینسر کے خلیات کی تشخیص کر سکتا ہے ۔ جب غیر معمولی خلیات پائے جائیں ، تو ان کا علاج کیا جا سکتا ہے ۔ باقاعدگی سے سروائیکل اسکرینگ رحم کے کینسر سے بچنے کے لیے سب سے زیادہ مؤثر طریقہ ہے ۔

مندرجہ ذیل بنیادی روک تھام کے اقدامات سے آپ سروائیکل کینسر ہونے کا خطرہ کم کر سکتے ہیں:

- محفوظ جنسی تعلقات قائم کریں ؛(جیسا کہ ایك سے زیادہ جنسی ساتھیوں سے اجتناب کریں اور کانڈم کااستعمال کریں) HPV انفیکشن اور جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کے ہونے کے امکانات کو کم کرنے کے لیے
- تمباکو نوشی سے بچیں
- جنسی سرگرمی شروع کرنے سے پہلے HPV کی ویکسینیشن کروا لیں

سروائیکل سمیئر کیا ہے؟

رحم میں غیر معمولی خلیات کی تبدیلی کا پتہ لگانے کے لیے سروائیکل سمیئر (پیپ سمیئر بھی کہتے ہیں) ایک جلد اور آسان اسکریننگ ٹیسٹ ہے ۔ اس کو صرف چند منٹ لگتے ہیں۔ ڈاکٹر یا نرس اندام نہانی میں ایک عکس نامی خاص آلہ ڈالتے ہیں اور پھر آہستہ سے ایک چمٹے یا برش کے ساتھ رحم سے کچھ خلیات لیتے ہیں۔ ان خلیات کو جانچنے کے لیے لیبارٹری میں بھیجا جائے گا۔

- **سروائیکل کینسر اسکریننگ کی ضرورت کس کو ہے ؟**
- خواتین عمر 25 سے 64 سال جن کو کبھی بھی جنسی تجربہ ہوا ہو کو باقاعدگی سے سروائیکل کینسر اسکریننگ کروانی چاہیے ۔
- خواتین عمر 65 سال یا اوپر جن کو کبھی بھی جنسی تجربہ ہوا ہو ، اور کبھی سروائیکل کینسر اسکریننگ نہ کروائی ہو ان کو ڈاکٹر سے سروائیکل سمیئر کروانے کے بارے میں بات کرنی چاہیے، اگرچہ ان کا حیض نہ آتا ہو، بہت سالوں سے جنسی تجربہ نہ ہوا ہو یا نسبندی کروائی ہو ۔
- 25 سال سے کم عمر خواتین جن کو کبھی بھی جنسی تجربہ ہوا ہو اور سروائیکل کینسر سے خطر ے کے عوامل ہوں (جیسا کہ ایك سے زیادہ جنسی ساتھی ، تباکونوشی ، کمزور قوت مدافعت)،ان کو ڈاکٹر سے سروائیکل کینسر اسکریننگ کی ضرورت کے بارے میں مشورہ لینا چاہیے ۔
- سروائیکل خواتین جن کو HPV ویکسینیشن وصول ہوئی ہے کو ابھی بھی باقاعدہ سروائیکل اسکریننگ کی ضرورت ہے، کیونکہ HPV ویکسینیشن HPV کی ان اقسام کے خلاف تحفظ نہیں دیتا جو ویکسین میں شامل نہیں ہیں، نہ ہی موجودہ HPV انفیکشن کے خلاف ۔

- خواتین جن کو کبھی بھی جنسی تجربہ نہ ہوا ہو کو سروائیکل کینسر اسکریننگ کی ضرورت نہیں ہے ۔

- خواتین جن کا معمولی مرض کیلیے رحم کے آپریشن کے ذریعے رحم کو ہٹایا گیا اور رحم کی تبدیلیوں کی سابقہ تاریخ نہ رکھنے والی خواتین اسکریننگ چھوڑ سکتی ہیں -

اگر شك ہو تو براہ مہربانی ڈاکٹر سے رجوع کریں -

مجھے کب سروائیکل کینسر اسکریننگ کروانی چاہیے ؟

- تمام خواتین جو کبھی بھی جنسی طور پر متحرك رہی ہوں کو 25 سال کی عمر سے سروائیکل کینسر سکریننگ شروع کروانا چاہیے -
- اگر آپ کے پہلے سروائیکل سمیئر کا نتیجہ نارمل ہے ، آپ کا دوسرا سمیئر ایك سال بعد ہو نا چاہیے -
- اگر آپ کے دوسرے سمیئر کا نتیجہ بھی نارمل ہے ، آپ کو ہر 3 سال بعد سمیئر دہرانا چاہیے -
- اگر آپ کو کوئی علامات ہوں (جیسا کہ اندام نہانی سے غیر معمولی خون آنا)، آپ کو بروقت ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے، حتٰی کہ اگر آپ کے پچھلے سمیئر کا نتیجہ معمول کے مطابق تھا -

میں سروائیکل کینسر اسکریننگ کہاں سے کروا سکتی ہوں ؟

آپ سروائیکل سمیئر کیلیے اپنے خاندانی ڈاکٹر، گائنا کالوجسٹ، غیر حکومتی تنظیموں، محکمہ صحت کے زچہ و بچہ صحت کے مراکز (MCHC) اور خواتین کی صحت کے مراکز کا دورہ کرسکتی ہیں - اگر آپ سروائیکل سمیئر MCHC میں کروانا چاہتی ہیں ، براہ مہربانی سروائیکل اسکریننگ فون بکنگ خدمت کی 24 گھنٹے ہاٹ لائن : 3166 6631 پر رابطہ کریں - بکنگ کیلیے ہدایات ڈاؤنلوڈ کی جا سکتی ہیں: (www.fhs.gov.hk/english/main_ser/woman_health/phone_booking.html)

سروائیکل اسکریننگ پروگرام

سروائیکل اسکریننگ پروگرام علاقے بھر میں دیگر صحت عامہ کے ماہرین کے تعاون کے ساتھ محکمہ صحت کی طرف سے باقاعدگی سے سروائیکل اسکریننگ کروانے کیلیے خواتین کی حوصلہ افزائی کیلیے شروع کیا گیا تشخیصی پروگرام ہے -

CSP سے متعلق تمام مواد محفوظ رکھنے کیلیے CSP نے کمپیوٹرائزڈ مرکزی رجسٹری” سروائیکل اسکریننگ کا معلوماتی نظام (CSIS)“ قائم کیا ہے، جس میں شرکاء کی معلومات، سمیئر کے نتائج اور صحت عامہ کی طرف سے تجویز کردہ اگلے سمیئر کی تاریخ شامل ہیں - ایك مرتبہ آپ نے CSP کے ساتھ رجسٹر کر لیا، تو آپ اپنے سروائیکل سمیئر کے ریکارڈ دیکھنے کیلیے CSIS میں لاگ ان کر سکتے ہیں اور مقرر شدہ اگلے سمیئر سے پہلے یاددہانی کے خط وصول کریں گے - صحت عامہ کے ماہرین جو CSP کے ساتھ رجسٹرہوئے ہیں آپ کی اجازت پر بہتر دائمی صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے کے لئے آپ کے ماضی کے سمیئر ریکارڈ دیکھ سکتے ہیں -

سروائیکل سکریننگ کی خدمت فراہم کرنے والے انفرادی صحت عامہ کے ماہرینوں کے اپائنٹمنٹ کے طریق کار اور خدمت کے چارجز مختلف ہوتے ہیں، آپ کو اپنے صحت عامہ کے ماہر سے معلومات اور خدمت کی اپائنٹمنٹ کے انتظام کیلیے براہ راست رابطہ کرنا ہوگا -

جامع سوشل سیکیورٹی اسسٹنس (CSSA) کے وصول کنندگان کو جامع سوشل سیکیورٹی اسسٹنس وصول کنندگان کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنے پر ان کے سرکاری صحت عامہ کے اخراجات کی ادائیگی کی معافی دی جاتی ہے - غیر CSSA وصول کنندگان جن کو طبی اخراجات کی ادائیگی میں مالی مشکلات ہوں وہ سرکاری ہسپتالوں اور کلینکس میں طبی فیس معافی کیلیے درخواست دے سکتے ہیں - تفصیلات کیلیے، براہ مہربانی انٹیگریٹڈ فیملی سروس سنٹرز یا سوشل ویلفئر ڈیپارٹمنٹ کے فیملی اور چائلڈ پراٹیکٹو سروس یونٹس یا سرکاری ہسپتالوں اور کلینکس کے میڈیکل سوشل سروس یونٹ سے رابطہ کریں -

سروائیکل اسکریننگ پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کیلیے، براہ مہربانی ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں : www.cervicalscreening.gov.hk.

باقاعدہ اسکریننگ سروائیکل کینسر سے بچاتا ہے -